SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
February 23, 2021

ایس ای سی پی نے شئیر ہولڈروں کو کیش ڈیوڈنڈ تین دن میں منتقل کرنے کی تجویز دے دی

اسلام آباد(فروری 23)سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اقلیتی شیئر ہولڈرز کو آسانی فراہم کرنے کے پیش نظر، شیر ہولڈرز کو کیش ڈیوڈنڈ کی ادائیگی تین دن کے اندران کے بنک اکاوئنٹ میں منتقل کرنے کی تجویز دے دی ہے۔موجودہ ریگولیشنز کے تحت لسٹڈ کمپنیاں کیش ڈیونڈ 15 دن میں شئیر ہولڈروز کو ادا کرتی ہیں۔

اس سلسلے میں، ایس ای سی پی نے کمپنیوں کے (منافع کی تقسیم) کے ریگولیشنز، 2017میں ترامیم تجویز کردی ہیں۔ ترامیم کا مسودہ عوامی رائے عامہ کے لئے کمیشن کی ویب سائٹ پر جاری کر دیا گیا ہے۔ایس ای سی پی کے مطابق کمپنی کی جانب سے شئیر ہولڈروں کے بینک اکاؤنٹ میں منافع کی منتقلی کے لئے تین دن کا وقت کافی ہے۔

کمپنیز ایکٹ، 2017کے دفعہ 242 کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی کے لئے لازمی ہے کہ وہ کمپنی کے کیش ڈیویڈنٹ (منافع منقسمہ) کی ادائیگی شئیر ہولڈر کے نامزد بینک اکاؤنٹس میں براہ راست الیکٹرانک ذریعے سے کرے۔اس سلسلے میں شئیر ہولڈروں کے، ئے بھی ضروری ہے کہ وہ کیش ڈیویڈنٹ کی ادائیگی کے لئے اپنی متعلقہ لسٹڈ کمپنیوں کو اپنا آئی بی این فراہم کریں۔

ایس ای سی پی نے ریگولیشنز میں ترامیم کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے ادارے، سٹیک ہولڈر اور عوام اپنی تجویز مارچ 8 تک ایس ای سی پی کو ان ای میل ایڈریس arshad.mahmood@secp.gov.pk; rohail.ahmed@secp.gov.pk پر بھجوا سکتے ہیں۔